# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

BF
BIOSCIENCES

مطلع کیا جاتا ہے کہ بی ایف بائیو سائنسز کا سالانہ اجلاس عام 25 اکتوبر 2025 بروز ہفتہ دوپہر 12:15 بجے ہوٹل بلیولگون مسعود اختر کیانی روڈ، راولپنڈی میں اور بذریعہ ویڈیو لنک منعقد ہوگا۔ اجلاس میں مندرجہ ذیل معاملات طے کیے جائیں گے۔

**عام امور:**

1۔ 28 اکتوبر 2024 کو ہونے والا سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ 30 جون 2025 کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بمع چیئرمین جائزہ، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس کو وصول کرنا، زیرِ غور لانا اور اختیار کرنا۔

3۔ 30 جون 2026 کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور انکے معاوضے کا تعین۔

**خصوصی امور:**

4۔ مالی سال 25-2024 کے دوران کیے گئے متعلقہ فریقین کے لین دین اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مستقبل میں تمام متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز کو منظور کرنے کا اختیار دینے کے لیے درج ذیل قراردادوں کو بطور 'خصوصی قراردادیں' ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر پاس کرنے کے لیے غور اور منظوری دینا۔

قرار پایا ہے کہ 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کے مالیاتی گوشواروں کے نوٹ 38 میں بیان کردہ کمپنی کی طرف سے متعلقہ فریقین سے کیے گئے لین دین کی توثیق اور تصدیق کی جاتی ہے۔

مزید یہ طے کیا گیا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ذریعہ مناسب سمجھے جانے اور منظور شدہ حد تک کمپنی وقتاً فوقتاً متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین کرنے کی مجاز ہے۔

**دوسرے امور:**

5۔ صدرِ اجلاس کی اجازت سے کسی دوسرے معاملے کو نمٹانا۔

راولپنڈی
22 ستمبر 2025

بحکم بورڈ
عبدالرحمٰن
کمپنی سیکرٹری

**نوٹس:**

کمپنیز ایکٹ 2017 اور دیگر ریگولیشنز کے مطابق اسٹیٹمنٹ میٹریل فیکٹس اور دیگر متعلقہ انکشافات شیئر ہولڈرز کو AGM کے نوٹس کے ہمراہ ارسال کردی گئیں ہیں۔

سالانہ اجلاس عام کا مکمل نوٹس اور کمپنی کے 30 جون 2025 پر مکمل ہونے والے سال کے مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ www.bfbio.com پر مہیا کردیئے گئے ہیں۔

## 25 اکتوبر 2025 بروز ہفتہ دوپہر 12:15 بجے بلیولیگون مسعود اختر کیانی روڈ، راولپنڈی میں منعقد ہونے والی رائے شماری کیلئے ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے کیلئے بیلٹ پیپر

BF
BIOSCIENCES

رجسٹرڈ آفس A-197 دی مال، روالپنڈی فون: 57-4252155-51-92+ ویب سائٹ: www.bfbio.com ای۔میل: cs@bfbio.com

مکمل پرشدہ بیلٹ پیپر چیئرمین کے اس پتہ پر بھجوائیں۔

پتہ: A-197 دی مال، راولپنڈی ای۔میل: chairman@bfbio.com

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر/مشترکہ شیئر ہولڈرز کے نام | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| حصص کی تعداد اور فولیو نمبر | |
| قومی شناختی کارڈ نمبر (کاپی منسلک کریں) | |
| اضافی معلومات اور انکلوژرز (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندہ کی صورت میں) | |

پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ:

1۔ برائے کرم متعلقہ خانے پر (✓) نشان لگا کر اپنے ووٹ کی نشاندہی کریں۔

2۔ اگر دونوں خانوں پر (✓) کا نشان لگا ہوا تو آپ کے ووٹ کو مسترد سمجھا جائے گا۔

3۔ پوسٹل بیلٹ فارم 24 اکتوبر 2025 کو یا اس سے پہلے میٹنگ کے چیئرمین تک پہنچ جائے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے زیرِ غور نہیں آئے گا۔

4۔ بیلٹ پیپر کو کمپنی کی ویب سائٹ https://www.bfbio.com پر بھی رکھا گیا ہے۔

میں/ہم مندرجہ ذیل قراردادوں کے سلسلے میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا/اپنے ووٹ کا استعمال کرتا ہوں اور ذیل میں مناسب باکس میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر درج ذیل قرارداد سے اپنی رضامندی یا اختلاف رائے پہنچاتا ہوں:

| نمبر | نوعیت اور قراردادوں کی تفصیل | عام حصص کی تعداد جن کے لیے ووٹ ڈالے گئے | میں/ہم قراردادوں کی منظوری دیتے ہیں (FOR) | میں/ہم قراردادوں سے اختلاف کرتے ہیں۔ (AGAINST) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | **خصوصی کاروبار۔ ایجنڈا آئٹم نمبر 4**<br>قرار پایا ہے کہ 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کے مالیاتی گوشواروں کے نوٹ 38 میں بیان کردہ کمپنی کی طرف سے متعلقہ فریقین سے کیے گئے لین دین کی توثیق اور تصدیق کی جاتی ہے۔<br>مزید یہ طے کیا گیا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ذریعہ مناسب سمجھے جانے اور منظور شدہ حد تک کمپنی وقتاً فوقتاً متعلقہ فریقین کے ساتھ لین دین کرنے کی مجاز ہے۔ | | | |

شیئر ہولڈرز کے دستخط ____________ تاریخ: ____________ جگہ: ____________